باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت روزنامہ
ABC CERTIFIED
DAILY FRONTLINE KARACHI
روزنامہ فرنٹ لائن کراچی
چیف ایڈیٹر محمد عبدالسلام خان
ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com
جلد نمبر 18 | بدھ 28 فروری 2024ء، 17 شعبان المعظم 1445ھ | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 82

وفاقی محتسب

# کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں

## اعجاز احمد قریشی کا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اور سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کا دورہ، شکایات ڈیسک کا افتتاح

### وفاقی اداروں کی بدانتظامی کیخلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کیلئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں، خطاب

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز فیصل آباد چیمبر آف کامرس و انڈسٹری میں شکایات ڈیسک کے قیام کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم ان کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں کی بد انتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔ وفاقی حکومت کے تقریباً 200 ادارے ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال 194,000 سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ فیصل آباد کے ٹیکسٹائل کے شعبہ نے ماضی میں بڑے برآمد کنندہ کے طور پر پاکستان کی نیک نامی میں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بہتری کے لئے ایس ایم ایز (SMEs) کے کردار پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں چیمبر آف کامرس و انڈسٹری کے عہدیداران نے وفاقی محتسب کو بجلی اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے برآمدات میں کمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرنے اور ان کی آواز کو متعلقہ حلقوں تک پہنچانے کی بھرپور یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ان کے دفتر میں آن لائن شکایت بھی کی جاسکتی ہے جب کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز بھی کام کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے فیصل آباد میں سیلانی انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں غریب اور پسماندہ عوام بالخصوص بچوں کی فلاح کے بارے میں سیلانی مرکز کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے تنظیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے صاحب حیثیت لوگوں کو اس تنظیم کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے پر زور دیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ بچوں کے مسائل کا حل ان کے دفتر کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بچوں کی فلاح بالخصوص بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کی روک تھام کے لئے تیار کئے گئے بل اور زینب الرٹ کیس اور برآمدگی ایکٹ 2020 میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے اقدامات کے بارے میں بھی سامعین کو آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ بچوں کے مسائل کے حل کے لئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں الگ سے چلڈرن کمشنر کا دفتر کام کر رہا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

CPNE MEMBER

Www.dailypalpalnews.com www.palpalnews.tv
dailypalpalnews@yahoo.com

Daily Palpalnews Lahore

ABC CERTIFIED

پل پل کی خبر سچی اور معتبر

ایڈیٹر
عبدالرحمان چوہان

چیف ایڈیٹر
ایوب چوھان

روزنامہ پل پل نیوز لاہور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رجسٹرڈ نمبر 329 | فیکس 042-36297508 | فون نمبر 042-36371509 | صفحات 6 | قیمت 15 روپے |
| جلد نمبر 17 | بدھ 17 شعبان 1445ھ | 28 فروری 2024ء | 17 پھاگن 2080ب | شمارہ نمبر 182 |


# وفاقی محتسب کا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اور سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کا دورہ

## کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔اعجاز احمد قریشی



فیصل آباد (نمائندہ خصوصی سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز فیصل آباد چیمبر آف کامرس و انڈسٹری میں شکایات ڈیسک کے قیام کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم ان کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں کی بد انتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔ وفاقی حکومت کے تقریبا 200 ادارے ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال 194,000 سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔

★★★ عوامی احساسات کا بے باک ترجمان ★★★

روزنامہ
چیف ایڈیٹر نیئر جمیل بٹ
ایڈیٹر زاہد اقبال چوہدری

# نوٹس

لاہور

جلد نمبر 27 | بدھ 28 فروری 2024ء، 17 شعبان 1445ھ 17 پھاگن 2079 صفحات 04 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 250

# وفاقی محتسب کا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اور سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کا دورہ

## کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں، اعجاز احمد قریشی

## فیصل آباد چیمبر آف کامرس و انڈسٹری میں شکایات ڈیسک کا افتتاح



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز فیصل آباد چیمبر آف کامرس و انڈسٹری میں شکایات ڈیسک کے قیام کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم ان کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔ وفاقی حکومت کے تقریباً 200 ادارے ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال 194,000 سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ فیصل آباد کے ٹیکسٹائل کے شعبہ نے ماضی میں بڑے برآمد کنندہ کے طور پر پاکستان کی نیک نامی میں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بہتری کے لئے ایس ایم ایز (SMEs) کے کردار پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں چیمبر آف کامرس و انڈسٹری کے عہدیداران نے وفاقی محتسب کو بجلی اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے برآمدات میں کمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرنے اور ان کی آواز کو متعلقہ حلقوں تک پہنچانے کی بھرپور یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ان کے دفتر میں آن لائن شکایت بھی کی جاسکتی ہے جب کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز بھی کام کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے فیصل آباد میں سیلانی انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں غریب اور پسماندہ عوام بالخصوص بچوں کی فلاح کے بارے میں سیلانی مرکز کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔

ABC Certified

لاہور/اسلام آباد/کراچی/ملتان/فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

thedaliy40newslhr@gmail.com , www.thedaliy40news.com

The Daliy 40News Lahore

786/40

روزنامہ 40 نیوز لاہور

ایڈیٹر: آصف منیر

چیف ایڈیٹر: رائے محمد ایوب

لیگل ایڈوائزر: ایڈووکیٹ رانا وقار

سب ایڈیٹر میاں ظفر اقبال مانیکاڈو

صفحات 6

قیمت 30 روپے

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 01 | بدھ 28 فروری 2024، 17 شعبان 1445ھ 17 پھاگن 2079 | شمارہ نمبر 254 |

# وفاقی محتسب کا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اور سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ کا دورہ

## کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں، اعجاز احمد قریشی

## فیصل آباد چیمبر آف کامرس و انڈسٹری میں شکایات ڈیسک کا افتتاح

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز فیصل آباد چیمبر آف کامرس و انڈسٹری میں شکایات ڈیسک کے قیام کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم ان کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔ وفاقی حکومت کے تقریباً 200 ادارے ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال 000,194 سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ



فیصل آباد کے ٹیکسٹائل کے شعبہ نے ماضی میں بڑے برآمد کنندہ کے طور پر پاکستان کی نیک نامی میں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بہتری کے لئے ایس ایم ایز (SMEs) کے کردار پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں چیمبر آف کامرس وانڈسٹری کے عہدیداران نے وفاقی محتسب کو بجلی اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے برآمدات میں کمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرنے اور ان کی آواز کو متعلقہ حلقوں تک پہنچانے کی بھرپور یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ان کے دفتر میں آن لائن شکایت بھی کی جاسکتی ہے جب کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز بھی کام کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے فیصل آباد میں سیلانی انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں غریب اور پسماندہ عوام بالخصوص بچوں کی فلاح کے بارے میں سیلانی مرکز کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے تنظیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے صاحب حیثیت لوگوں کو اس تنظیم کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے پر زور دیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ بچوں کے مسائل کا حل ان کے دفتر کی اولین ترجیح ہے۔